| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری سولہواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر 'ژ' تک درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Puppet Stick Card | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'س' کی پہچان آواز ، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** معلمہ ہاتھ میں حرف 'س' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر حرف 'س' کا تعارف کروائے گی ۔ میں حرف 'س' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے ۔ اور حرف 'س' کی آدھی شکل 'سـ' Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ 'س' حروف تہجی کا انیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'س' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'س' کے ذخیرہ الفاظ سموسہ، سائیکل، سڑک اور سورج فلیش کارڈ۔ اصل چیزیں (سیب، سبزیاں) کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ اس کے دو شوشے ہوتے ہیں۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'س' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں سیب پر سرخ کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے چسپاں کرنے اور 'س' کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیرنے میں مدد کی جائے گی ۔ بچوں کو کتاب صفحہ 103 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'س' انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے 'س' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب<br>صفحہ نمبر<br>103 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری سولہواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت ، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔ حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'س' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور شو شوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'س' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو سورج کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ سورج ہے ۔ یہ ہمیں دن کے وقت آسمان پر نظر آتا ہے ۔ اگر سورج نہ نکلے تو کیا ہوگا ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ۔ یہ ہمیں روشنی دیتا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ کہ سورج کی ابتدائی آواز 'س' کی ہے بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'س' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تا کہ ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 104 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں تمام تصاویر کے نام بتائے جائیں گے۔ پلے ڈو دے کر 'س' بنانے کی مشق کروائی جائے گی ۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'س' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی ۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 105 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 104<br>پلے ڈو | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کی پہچان آواز ، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری سولہواں ہفتہ | موضوع: | حرف ‘س’ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ‘س’ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ ‘س’ لکھ سکیں۔حرف ‘س’ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف ‘س’ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ‘س’ کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم سموسہ، کے بارے میں بات کریں گے۔ کمرہ جماعت میں سموسوں کا انتظام کیا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ سموسے بارش کے موسم میں بہت شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف ‘س’ بنائیں۔اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ‘س’ کی ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ بچوں کو پلے گراؤنڈ میں لے کر جایا جائے گا وہاں زمین پر چاک سے ر، ڑ، ز، ژ اور س لکھا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ صرف ‘س’ کو تلاش کریں اور اس پر چھلانگ لگائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 106 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ‘س’ اور اس کی آدھی شکل کی درست بناوٹ کے ساتھ لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں سورج میں رنگ بھریے اور حرف ‘س’ کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>ہوپ سکوچ گیم<br>چاک<br>کتاب صفحہ<br>106 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ‘س’ کی پہچان آواز ، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری سولھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت ، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں ۔ حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی ۔ حرف 'س' کا تلفظ اور اس کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی ۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'س' کے مزید الفاظ جانیں گے ۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے سالن، سبزیاں، ساگ اور ستارے کی تصاویر دکھائی جائیں گی ۔ بچوں سے ان کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گروپ کی صورت میں دائرے میں بٹھایا جائے گا ۔ اب انھیں اشیاء/تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے ۔ جن کے نام 'س' سے شروع ہوتے ہیں ۔ ہر بچہ تھیلے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام اور ابتدائی آواز بتائے گا ۔ پھر تھیلا اگلے بچے کو پکڑا دے ۔ نوٹ ( سانپ، سوئی، سفید، سات، سویاں ) کاپی پر حرف 'س' اور اس کی آدھی شکل کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی ۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں ۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے سالن، سبزی اور سانپ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>تصاویر اشیاء<br>/فلیش کارڈ<br>تھیلا<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'س' کی پہچان آواز ، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر ۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری سولہواں ہفتہ | موضوع: | الفاظ میں گنتی | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ میں گنتی پڑھ سکیں۔ اشیاء کو گن کر الفاظ میں ان کی گنتی بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر اشیاء کے نام بتائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا اردو الفاظ میں گنتی کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو الفاظ میں گنتی کی ویڈیو دکھائی جائے گی۔ http://youtu.be/mtUYoKT.uPQ<br>بچوں سے کہیے کہ وہ سب کھڑے ہو جائیں اور جیسا آپ کہیں ویسا کریں۔<br>ایک۔دو۔تین۔چار۔پانچ بھاگو چھ۔سات۔آٹھ۔نو۔دس۔بھاگو<br>گھوماو اور تالیاں بجاؤ۔<br>ایک۔دو۔تین۔چار۔پانچ اٹھو اور بیٹھو چھ۔سات۔آٹھ۔نو۔دس اٹھو اور بیٹھو<br>اٹھو اور بیٹھو چھلاک لگاؤ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>چارٹ پیپر پر الفاظ میں گنتی ایک تا دس لکھیں۔کاغذ کے گلاس پر 10-1 گنتی لکھیں۔بچوں کو کاغذ کے گلاسوں پر لکھی ہوئی گنتی کو ان کی لفظی گنتی سے ملانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**نوٹ:** سرگرمی کے لیے چارٹ پیپر اور کاغذ کے گلاس معلمہ ایک دن پہلے تیار کر کے رکھ لیں۔<br>**اختتامیہ:** الفاظ میں گنتی کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائیے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی پر حرف 'س' اور اس کی آدھی شکل لکھیے۔ورک شیٹ کیجیے۔ | 20 منٹ | کاغذ کے گلاس<br>چارٹ پیپر<br>ورک شیٹ | |